سوال

(389) یالیلۃ القدر کوپانے کے لیے، اس کا ثواب حاصل کرنے لئے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک آدمی رمضان المبارک کے آخری عشرہ کی تمام طاق راتوں میں نمازِ تراویح پڑھ کر سوگیا توکیا اس نے لیلۃ القدر کو پالیا، یعنی لیلۃ القدر کا ثواب پالیا یا نہیں ؟

نمبر ۲ :...کیا لیلۃ القدر کوپانے کے لیے، اس کا ثواب حاصل کرنے کے لیے تمام رات جاگنا شرط ہے ؟

نمبر ۳ :...ایک حدیث ہے کہ جس نے رمضان المبارک کا قیام کیا ثواب کی نیت سے اس کے تمام گناہ اگلے اور پچھلے معاف کردیے جاتے ہیں۔ اس حدیث میں قیام سے کیا مراد ہے ؟ (انسپکٹر عبدالغفور، شاہدرہ اسٹیشن، لاہور)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نہیں 1ہاں اس نے لیلۃ القدر کے کچھ حصہ کا قیام کرلیا یا کچھ حصہ پالیا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے : ((مَنْ قَامَ لَیْلَةَ الْقَدْرِ)) 1[''جس نے لیلۃ القدر کا قیام کیا۔ '']پھر اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے : { لَیْلَةُ الْقَدْرِ خَیْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَھْرٍ } [القدر :۳][''شب قدر ہزار مہینوں سے بہتر ہے ۔ '']ام المؤمنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں : ((کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم إِذَا دَخَلَ الْعَشْرُ شَدَّ مِئْزَرَہُ ، وَأَحْیَا لَیْلَہٗ ، وَأَیْقَظَ أَھْلَہٗ)) 2[''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رمضان کے آخری عشرہ میں عبادت کے لیے کمربستہ ہوجاتے ، شب بیداری فرماتے اوراپنے گھر والوں کو بھی بیدار رکھتے تھے ۔ '']

نمبر ۲ :...جواب نمبر ا پڑھ لیں اس میں اس کا جواب بھی آچکا ہے وہی دیکھ لیں۔

نمبر ۳ :...صلاۃ اللیل ہی مراد ہے۔

1 صحیح بخاری کتاب فضل لیلۃ القدر باب فضل لیلۃ القدر

2 صحیح بخاری کتاب فضل لیلۃ القدر باب العمل فی العشر الأواخر من رمضان

[قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل](#)

جلد02ص300

محدث فتویٰ